میو ہسپتال اور پنز کے ڈاکٹرز کی جنرل ہسپتال کے کاؤنٹر سے کورونا ویکسی نیشن

چین پاکستان کا انتہائی مخلص دوست، بروقت ویکسین دے کر دوستی کے رشتے کو پہلے سے بھی زیادہ مضبوط کیا

معالجین اور پیرامیڈیکس نے جانوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے مریضوں کی خدمت کی ، سب سے پہلے ویکسین کے یہ حقدار ہیں

پہلے مرحلے میں طبی عملے کو کورونا ویکسین لگائی جائے گی: پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر

لاہور 8فروری:......لاہور جنرل ہسپتال میں کورونا ویکسی نیشن کے لئے قائم کردہ کاؤنٹر پر میو ہسپتال کے ڈاکٹر قیصر ایاز اور پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیورو سائنسز (پنز) کے ڈاکٹر حفیظ عرفان کو سٹاف نرس عائشہ صدیقہ نے سینئر ڈاکٹرز کی موجودگی میں ویکسین لگائی اور اس کاؤنٹر پر کام کا آغاز کر دیا گیا جہاں پہلے مرحلے میں ڈاکٹرز، نرسز اور طبی عملے کو ویکسین لگائی جائے گی۔اس کاؤنٹر کا افتتاح کرتے ہوئے پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا کہ چین پاکستان کا انتہائی مخلص دوست ہے جس نے ہمیشہ ہر مشکل وقت میں ہمارا کا ساتھ دے کر دوستی کے رشتے کو پہلے سے بھی زیادہ مضبوط کیا ہے اور کورونا ویکسین کی فراہمی اس ضمن میں ایک اور اہم سنگ میل ہے جس سے میڈیکل کے شعبے سے وابستہ افراد کو تحفظ حاصل ہوگا اور ان کو اپنے شعبے میں خدمات سرانجام دینے کیلئے بہتر ماحول فراہم ہوگا۔

صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ چین نے پاکستان کو میڈیکل سٹاف کے لئے 5 لاکھ کورونا ویکسین کا عطیہ کر کے ایک مرتبہ پھر ثابت کر دیا ہے کہ وہ پاکستانی عوام کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ کورونا وبا کے دوران ہسپتالوں میں مریضوں کے علاج پر مامور ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکل سٹاف نے انتہائی پیشہ وارانہ لگن اور جانفشانی کے ساتھ خدمات سرانجام دی ہیں اور اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر اس وبا کے دوران بہت سے سینئر ڈاکٹرز اور معالجین نے دن رات مریضوں کی خدمت کی اور اپنی جانیں بھی قربان کیں۔پرنسپل پی جی ایم آئی نے کہا کہ کورونا مریضوں کا سب سے پہلے ڈاکٹرز، نرسز اور طبی عملہ سامنا کرتے ہیں لہذا انہیں تحفظ فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے تا کہ یہ وبائی امراض کے دوران مریضوں کا پوری تندہی کے ساتھ علاج کر سکیں۔انہوں نے کہا کہ اس صورتحال کے پیش نظر میڈیکل سٹاف سب سے پہلے ویکسین کے حقدار ہیں۔پروفیسر الفرید ظفر نے مزید کہا کہ ہم سب وزیراعظم پاکستان عمران خان، وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار اور صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے عظیم ہمسایہ ملک چین سے فوری طور پر ویکسین کی فراہمی کے لئے بروقت اقدامات کیے اور جن کی وجہ سے طبی عملے کو تحفظ حاصل ہونے جا رہا ہے۔اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر عبدالرزاق، پروفیسر خالد وحید، پروفیسر جودت سلیم، ڈاکٹر عرفان ملک، ڈاکٹر جعفر شاہ، ڈاکٹرز، نرسز و دیگر بھی موجود تھے۔

جنرل ہسپتال میں قائم کاؤنٹر پر میو اور پنز کے ڈاکٹرز کی کورونا ویکسی نیشن، پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر بھی موجود ہیں